13/04/2025

12.30 PM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ شمیم اقبال سے خبریں سُنئے

PM

وزیر اعظم نریندر مو دی امبیڈ کر جینتی کے موقعے پر کل ہریانہ کا دورہ کریں گے۔ دورے کے دوران وہ Hisar سے آیودھیا کےلئے کمر شل پرواز کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔

وہ Hisar ہوائی اڈے کی نئی ٹرمینل عمارت کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔ وزیراعظم یمنا نگر میں کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگ بنیاد رکھیں گے۔ وہ ایک عوامی جلسے سے بھی خطاب کریں گے۔

سپریم کورٹ

سپریم کورٹ نے فیصلہ سنایا ہے کہ ریاستوں کے گورنروں کی طرف سے صدر جمہوریہ کی منظوری کےلئے بھیجی گئی بلو ںپر تین ماہ کے اندر اندر فیصلہ لیا جانا چاہئے۔ جسٹس جے پی پردی والا اور جسٹس مہا دیون پر مشتمل بینچ نے وضاحت کی ہے کہ اس مدت سے زیادہ تاخیر کی صورت میں اس میں اسکی صحیح وجوہات فراہم کی جانی چاہئیں اور متعلقہ ریاستی سرکار کو اسکی جانکاری دی جانی چاہئے۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے ترقیاتی کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لینے کےلئے اکھنور میں گورنمنٹ آیورویدک میڈیکل کالج اور نرنسنگ کالج کا اچانک معائنہ کیا۔ انہوں نے ترقیاتی کاموں کی بروقت تکمیل لئے متعلقہ عمل آوری کو یقینی بنانے کی ہدایات دیں۔

بیساکھی

بیساکھی کا تہوار آج منایا جا رہا ہے۔ اس سلسلے میں گردوارہ چھٹی پادشاہی سرینگر میں ایک خاص تقریب منعقد ہورہی ہے جبکہ محکمہ سیاحت زبرون پارک سرینگر میں بیساکھی کے تہوار کی میزبانی کر رہا ہے ، جس دوران نامور گلو کار اور دیگر فنکاروں کے فن سے حاضرین محظوظ ہونگے۔ پروگرام شام پانچ بجے بانگڈا اور کلچرل ڈانس سے شروع گا۔

صدر جمہوریہ

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، وزیر اعظم نریندر مودی دیگر سرکردہ مرکزی لیڈروں کے علاوہ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا،وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ، نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور آئی جی پی کشمیر وی کے بردی نے بیساکھی کے موقعے پر لوگوں کو مبارکبا د دی ہے۔

آکاشوانی سرینگر کے سربراہ گوربیندر سنگھ اور شعبہ خبر نے بھی بیساکھی کے موقعے پر سکھ برادری کو مبارکباد دی ہے۔

گل لالہ

خوشگوار موسم کے بیچ سرینگرمیں قائم باغ گلِ لالہ میں سیلانیونکی آمد کا سلسلہ لگاتار جاری ہے ۔ ہر روز ہزاروں کی تعداد میں مقامی ، ملکی اور غیر ملکی سیلانی ٹولپ گارڈن سیر کر رہے ہیں۔ واضح رہے کل دن بھر52ہزار 3سو سے زیادہ سیاح باغ کی سیر کرکے قدرتی نظاروں سے لطف اندوز ہوئے۔

اس طرح اس سال باغ کھولے جانے سے کل شام تک مجموعی طور پر5 لاکھ2ہزار 6سو سے زیادہ سیاح ٹولپ گارڈن کا نظارہ کر چکے ہے۔

چنار کور

کے Initiative ڈویژن اور آسام فاؤنڈیشن کے مشترکہVajr چنار کور کے بینر تلے فوج کی سے لیس LPG کو پوری طرح سے برقی رواورSimari ذریعے کرناہ وادی کے سرحدی گاؤں کیا گیا ہے۔

یہ منصوبہ شوریہ چکر اور سینا میڈل یافتہ صوبے دار سنتوش مہادِق کی یاد میں وقف کیا گیا ہے۔ جنہوں نے قوم کے تئیں اپنی قربانی دی ہے۔

سنتوش کی ماں کلیندا مہا دِق، کمانڈر ٹنگڈار برگیڈ اور آسام فاؤنڈیشن کے بانی اور ایم گاؤں میں سولر الیکٹرفکیشن سسٹم کا مشترکہ طور Simari گوساوی 14اپریل کوSarangڈی، افتتاح کریں گے۔

خراج

قوم آج جلیاں والا باغ کے شہیدوں کو یاد کر رہی ہے۔ وزیر اعظم نریندر مو دی نے جلیاں والا باغ کے شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ ایک سو شل میڈیا پوسٹ میں وزیراعظم نے کہا ہے کہ آنے والی نسل شہیدوں کے جذبے کو ہمیشہ یاد کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ شہیدوں کی قربانیوں کو بھارت کی جد و جہد آزادی میں ایک بلند مقام حاصل ہے۔

گھپلہ

اینٹی کورپشن بیورو نے سال2009 میں اراضی گھپلے کے معاملے میں22افراد کے خلاف عدالت عالیہ میں فردِ جرم دائر کی ہے۔ ان میں لیکس اینڈ واٹر ویز ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے اُس وقت کے دو کلکٹر، چار دیگر پبلک سرونٹ اور16 مستفیدین شامل ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ ان سرکاری اہلکاروں نے اراضی کے ریکارڈ میں قلم زنی کی تھی اور معاوضے کے طور سرکاری خزانے سے غیر قانونی طریقے سے ایک بھاری رقم نکالی تھی۔

سوپور

پولیس نے گورنمنٹ گرلز ہائی سکول لڈورہ رفیع آباد میں نئے فوجداری قوانین کے حوالے سے بیداری پیدا کرنے کےلئے ایک جانکاری پروگرام منعقد کیا۔

دریں اثناءسوپور پولیس سائبر سیل نے اُن مالکان کومو بائل فون واپس لوٹا دیئے ہیں، جو اپنے سیل فون کھوچکے تھے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ